قے آنے کے بعد کھالیا تو کیا کفارہ واجب؟

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کسی نے رمضان کا روزہ رکھا اور اسے اُلٹی آ گئی تو اس نے سمجھا کہ روزہ ٹوٹ گیا اور اس نے کھانا کھالیا تو اب اس پر کفارہ واجب ہے یا نہیں اور کیا قے سے روزہ ٹوٹے گا؟

سائل: عثمان عطاری فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

کسی کو قے ہوئی اور اس نے یہ گمان کیا کہ روزہ جاتا رہا اب قصداً کھالیا تو اس پر صرف اس روزے کی قضا فرض ہے یعنی ایک روزہ قضاء کی نیت سے رکھے۔

ردالمحتار میں ہے کہ لَوْ ذَرَعَهُ الْقَيْءُ وَظَنَّ أَنَّهُ يُفَطِّرُهُ فَأَفْطَرَ ،فَلَا كَفَّارَةَ عَلَيْهِ لِوُجُودِ شُبْهَةِ الِاشْتِبَاهِ بِالنَّظِيرِ۔ قے ہوئی اور اس نے گمان کیا کہ روزہ جاتا رہا اب قصداً کھالیا تو اس پر کفارہ نہیں صرف قضا فرض ہے کیونکہ اسے اس کی نظیر استقاء [جان بوجھ کر قے کرنا] سے شبہ ہو گیا۔

{ردالمحتار کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم ومالا یفسدہ، ج۳، ص ۴۳۱}

بلا اختیار قے ہونے روزہ نہیں ٹوٹتا اور اگر قصداً منہ بھر قے کی تو روزہ یاد ہونے کی صورت میں روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر منہ بھر نہیں تو روزہ نہیں ٹوٹے گا اگرچہ قصداً کی ہو۔

بہار شریعت میں ہے کہ قصداً بھر مونھ قے کی اور روزہ دار ہونا یاد ہے تو مطلقاً روزہ جاتا رہا اور اس سے کم کی تو نہیں اور بلا اختیار قے ہو گئی تو بھر منہ ہے یا نہیں اور بہر تقدیر وہ لوٹ کر حلق میں چلی گئی یا اُس نے خود لوٹائی یا نہ لوٹی، نہ لوٹائی تو اگر بھر منہ نہ ہو تو روزہ نہ گیا۔ {بہار شریعت ج۱ حصہ ۴ ص۹۸۸}

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری

QUESTION:

What do the scholars and muftis of the mighty Shari'ah say regarding this matter, if an individual kept the fast of Ramadān and he vomited, and thinking that the fast had broke, he ate some food, will Kaffārah [expiation]be necessary upon him or not? Also, will vomiting invalidate the fast?

ANSWER:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق و الصواب

If someone vomited and he thought that his fast had become void, then he intentionally ate, it is obligatory that he make up the fast only i.e. he will keep one fast with the intention of qadā.

It is mentioned in Radd al-Muhtār: "If he vomited and he thought that the fast had become void, then he intentionally ate something, there is no Kaffārah [expiation] upon him, only qadā is obligatory because doubt was created in him due to the similarity with the scenario of Istiqā [intentional vomiting]".

[Radd al-Muhtār, Kitāb al-Sawm, Bāb Mā Yufsidu al-Sawm wa Mā Lā Yufsiduhū, Volume 3, pg 231]

If vomit occurred unintentionally then the fast will not break, but if it was intentional and more than a mouthful, then the fast will break if he remembered that he was fasting. But, if it is less than a mouthful, then the fast will not break, even if it was intentional.

It is stated in Bahār-e-Sharī'at: Intentionally vomiting a mouthful, whilst remembering one is in a state of fasting will invalidate the fast, and if it is less than that [a mouthful] then it does not [become invalid]. If he vomited unintentionally, whether it was a mouthful or not, and in each scenario, it returned down his throat or if he returned it back down himself or it did not return; if he did not return it and it was not a mouthful then the fast did not become invalid.

[Bahār-e-Sharī'at, Volume 1, Part 2, pg 988]

واللہ تعالی اعلم و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

Answered by Mufti Abo ul Hasan Qasim Zia al-Qadri